نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے سیلاب کے بعد کپاس کی بہتر نگہداشت بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور:**22 ستمبر 2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار سیلاب کے بعد کپاس کی خصوصی نگہداشت پر خصوصی توجہ دیں۔کپاس کی فصل میں اگر جڑی بوٹیوں کی کثرت ہوجائے تو ان کی تلفی یقینی بنائیں۔علاوہ ازیں، جہاں تک ممکن ہوسکے سیلابی پانی کے نکاس کا انتظام کریں تا کہ کپاس کے پودے مرجھاؤ (wilting) سے بچ سکیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ سیلاب سے متاثرہ کپاس کی فصل میں پانی اترنے کے بعد یوریا کھاد کا 2 فیصد محلول اور اچھی پیداوار کے حصول اور زیادہ پھول ڈوڈی لانے کے لیے بورک ایسڈ (17 فیصد) 300 گرام، زنک سلفیٹ (33 فیصد) 250 گرام، میگنیشیم سلفیٹ 250 گرام اور پوٹاشیم نائٹریٹ 250-300 گرام کو 100 لیٹر پانی میں محلول بنا کر 7 دن کے وقفہ سے سپرے کریں تا کہ فصل کی پیداواری صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکے۔اگر کپاس کی فصل زیادہ بڑھوتری کی طرف مائل ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مپی کواٹ کلورائیڈ بحساب 80 تا 100 ملی لیٹر فی ایکڑ سپرے کریں۔اس کے علاوہ کپاس کی صاف چنائی پر خصوصی توجہ دیں اور چنی ہوئی پھٹی کو آلائشوں سے پاک رکھیں۔

☆☆☆☆